

[illegible]

[illegible]

مہاشہ راجپال اینڈ سنز تاجران کتب لاہور

کپور آرٹ پرنٹنگ ورکس لاہور

میں چھپا

۸۶ - یعنی ستیہ یگ میں صرف عبادت اور تریتا میں معرفت اور دواپر میں یگیہ اور کلی یگ میں دان مقدم رکھا گیا ہے۔

۸۷ - اس تمام دنیا کے کاروبار چلانے کے واسطے برہمن کشتری ویش شودر چاروں ورن مثل جسم کے چار حصوں منہ - بازو - جانگھ اور پاؤں کے بنائے اور چاروں ورنوں کے کرم الگ الگ مقرر کئے۔

۸۸ - وید پڑھنا وید پڑھانا یگیہ کرانا - دان دینا - دان لینا چھ کرم برہمن کے لئے بنائے۔

۸۹ - رعایا کی حفاظت کرنا - دان دینا - یگیہ کرنا - وید پڑھنا - دنیا کی چیزوں میں دل نہ لگانا یہ پانچ کرم کشتری کے لئے مقرر کئے۔

۹۰ - چارپایوں کی حفاظت کرنا دان دینا - یگیہ کرنا - وید پڑھنا - تجارت کرنا سود بیاج لینا کھیتی کرنا یہ سات کرم ویشوں کے لئے مقرر کئے۔

۹۱ - شودر کے لئے ایک ہی کرم پرمیشور نے ٹھہرایا یعنی صدق دل سے ان تینوں ورنوں کی خدمت کرنا۔

۹۲ - مرد کے تمام اعضا ناف سے اوپر تک کے پاک ہیں۔ منہ خاص کر اور بھی زیادہ پاک ہے - برہما جی نے کہا۔

۹۳ - دنیا میں برہمن بلحاظ پیدائش کے سب سے افضل ہے اس لئے کہ نہایت پاک عضو (یعنی منہ) کا کام کرتا ہے - اور وید کا استعمال رکھتا ہے۔

۹۴ - برہما جی نے اپنی عبادت کے زور سے پہلے برہمن کو اپنے منہ سے اُپنن ویگیہ کیا تاکہ تمام عالم کی حفاظت کرے اور متبرک زور سے دیوتاؤں کو ہویہ اور پتروں کو کویہ پہنچاوے۔

۹۵ - اس برہمن سے بڑھکر اور کون ہے کہ جس کے مکھ سے دیوتا لوگ ہویہ اور پتر لوگ کویہ کھاتے ہیں۔

۹۶ - ساکن و متحرک جانداروں میں کیڑا افضل ہے اور اس سے چارپایہ اور اس سے آدمی اور اس سے برہمن افضل ہے۔

۹۷ - برہمنوں میں وید و شاستر کے پڑھنے والے اور ان سے وید و شاستر کے موافق کام کرنے کی خواہش رکھنے والے اور ان سے وید و شاستر کے موافق کام کرنے والے اور ان سے برہم گیانی افضل ہیں۔

۹۸ - براہمن دھرم کی صورت ہے اور دھرم کرنے کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ اس لئے مکت پانے کے لائق ہوتا ہے۔

۹۹ - پرمیشور نے دھرم کے خزانہ کی حفاظت کیواسطے دوان براہمنوں کو پیدا کیا۔

۱۰۰ - جو کچھ اس دنیا میں ہے وہ سب براہمن کیواسطے ہے۔ کیونکہ براہمن اپنے گیان کی خوبی سے اس سے ٹھیک ٹھیک فائدہ اٹھا سکتا ہے اور دوسرے ورن گیان کی کمی سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے اسواسطے سب کچھ براہمنوں کا ہی ہے کیونکہ یہ برہماجی کے اپدیش سے سب کو دھرم سکھلانے کے لئے پیدا ہوا اس لئے سب سے افضل ہے۔

۱۰۱ - براہمن اپنی ہی چیزوں کو کھاتا ہے اور پہنتا ہے اور دیتا ہے اسکی مہربانی سے کشتری لوگ چین کرتے ہیں۔

۱۰۲ - اس براہمن کے کرم اور کشتری وغیرہ کے کرم جاننے کے لئے برہماجی کے بیٹے منوجی نے اس شاستر کو بنایا۔

نوٹ: اس شلوک سے گیانی کی بندگی جتلائی ہے۔ اور بعضوں کے نزدیک یہ شلوک ملایا ہوا ہے۔

بھی زیادہ تر یاد رہتے ہیں ۔ یہ برہما جی سے کہا ۔

۴۳ ۔ دنیا میں برہمن لوگ دیویہ جسم سے سب سے افضل ہیں ۔ اس لئے کہ برہما کے پاک

منہ (یعنی منہ) کا کام کرتا ہے ۔ اور وید کا استعمال رکھتا ہے ۔

۴۴ ۔ برہما جی نے اپنی تپسیا کر کے دیوتا سے پہلے برہمن کو اپنے منہ سے

اول پیدا کیا تاکہ تمام عالم کی حفاظت کرے اور دیوتاؤں کو ہویہ

اور پتروں کو کویہ پہنچایا ۔

۹۹۔ پرمیشور نے دھرم کے خزانہ کی حفاظت کیواسطے دوان براہمنوں کو پیدا کیا۔

۱۰۰۔ جو کچھ اس دنیا میں ہے وہ سب براہمن کیواسطے ہے۔ کیونکہ براہمن اپنے گیان کی خوبی سے اس سے ٹھیک ٹھیک فائدہ اُٹھا سکتا ہے اور دوسرے ورن گیان کی کمی سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتے اسواسطے سب کچھ براہمنوں کا ہی ہے کیونکہ برہما جی کے اپدیش سے سب کو دھرم سکھانے کیلئے پیدا ہوا اس لئے سب سے افضل ہے۔